Zarai Taraqiati Bank Ltd.

Public Relations & Media Services Department

Head Office, P.O Box No.1400, Islamabad

Tel.9252681, Fax:9252682

پریس ریلیز

اسلام آباد 03مارچ 2020

زرعی ترقیاتی بینک میں بھرتی کئے گئے افسران کے ٹریننگ سیشن کا انعقاد

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) وہ واحد ادارہ ہے جو ملک بھر میں زراعت کی ترقی کے حوالے سے اپنی 502 برانچوں اور 31 زونل آفسز کے ذریعے دیہی آبادی کو آسان زرعی قرضہ جات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ 1961 سے قائم شدہ اس ادارہ نے اپنی تقریباً 58 سالہ خدمات کے ذریعے زراعت کی ترقی کے لئے جدید ترین زرعی ٹیکنالوجی کو متعارف کروانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

ادارے کی استعداد کار کو بڑھانے کے لئے بینک نے حال ہی میں 350 گریڈ تھری لیول کے نہایت ہی قابل افسران کی شفاف طریقے سے بھرتی کے عمل کو مکمل کیا ہے جبکہ انہیں ادارہ کے بہتر انتظامی و مالیاتی امور سرانجام دینے اور کسانوں کو جدید زرعی ٹیکنالوجی اپنانے میں معاونت کے لئے ملک بھر میں تعینات کیا جا رہا ہے۔ یہ موجودہ حکومت کے ایک اور وعدے کی تکمیل ہے جس کے تحت ملک میں پڑھے لکھے اور نوجوان طبقے کو نوکریاں فراہم کرنا ہے۔

زرعی ترقیاتی بینک اپنے افسران کی تربیت کے لئے وقتاً فوقتاً اپنے ماتحت ٹریننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈویژن کی زیر نگرانی پروگرام ترتیب دیتا رہتا ہے۔ بینک میں بھرتی کئے گئے 350 گریڈ تھری کے افسران کی ٹریننگ کے لئے بینک کے ہیڈ آفس میں تربیتی پروگرام کا اہتمام کیا گیا ہے جس میں ان افسران کو بینک کے انتظامی و مالیاتی امور کو سمجھنے، بینکنگ کلچر اور ادارے کے فرائض کو احسن طریقے سے سرانجام دینے بارے بینک کے سینئر افسران نے آگاہ کیا۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ ملک بھر سے 53000 امیدواروں نے بھرتی کے لئے درخواستیں دیں جو زرعی ترقیاتی بینک پر امیدواروں کے اعتماد کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ بھرتی کے شفاف عمل سے گزرنے کے بعد 350 امیدواروں کو منتخب کیا گیا۔ ان افسران کا انتخاب زرعی ترقیاتی بینک کے ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ کی زیر نگرانی او ٹی ایس ٹیسٹنگ سروس کے ذریعے شفاف طریقے سے میرٹ کی بنیاد پر عمل میں لایا گیا ہے۔

اس ٹریننگ کا مقصد افسران کے اندر پائی جانے والی قابلیت کو اجاگر کرنا ہے جس کے ذریعے یہ افسران اپنے ادارہ کی ترقی سے منسلک اور بینک کی جانب سے کسانوں کو مہیا کی جانے والی خدمات بارے آگاہ کرنا ہے۔ ان افسران کو ہیڈ آفس کے علاوہ ملک بھر میں پھیلی ہوئی برانچوں میں تعینات کیا جا رہا ہے۔

(ناصر حسین)

انچارج (تعلقات عامہ)